Sprache: Urdu
(Pakistan, Indien)

Deutscher
Bibliotheksverband e.V.
Landesverband Sachsen

STADT BIBLIOTHEK BAUTZEN BUDYŠIN

Hauptbibliothek:
Mo und Fr 10 – 19 Uhr
Di und Mi 12 – 18 Uhr

Telefon: 03591 / 534 827
E-Mail: stadtbibliothek@bautzen.de

Kinder- und Jugendbibliothek:
Mo, Di, Mi 13 – 18 Uhr
Fr 13 – 18 Uhr

Telefon: 03591 / 534 827
stadtbibliothek@bautzen.de

# لائبریری کے استعمال سے متعلق معلومات

www.stadtbibliothek-bautzen.de

## 1. لائبریری میں خوش آمدید

آپ ہماری لائبریریوں کو مفت ملاحظہ کرسکتے ہیں۔ آپ لائبریری کی نشست گاہوں میں ہمار ے ذخیرۂ لائبریری سے بھی مفت استفادہ کر سکتے ہیں۔
اگر آپ ہماری مزید خدمات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو ڈرزڈن میونسپل لائبریریز کا شناختی کارڈ حاصل کرنا ہو گا۔

اپنے صارف کارڈ سے آپ:

- ہماری لائبریریوں سے اشیاء مستعار لیں اور واپسی کی مدت میں توسیع کروائیں،
- انٹرنیٹ ورک سٹیشن، پلیئرز اور ڈیمانسٹریٹرز استعمال کرسکتے ہیں،
- ہماری آن لائن خدمات استعمال کریں اور مثال کے طور پر ای-کتب ڈاؤن لوڈ کریں

## 2. رجسٹریشن

صارف کارڈ حاصل کرنے کے لیے آپ کو لازماً لائبریری میں رجسٹر ہونا ہو گا۔ آپ صرف ذاتی حیثیت میں رجسٹر ہو سکتے ہیں۔
صارف کارڈ صرف کارڈ کا حامل فرد ہی استعمال کر سکتا ہے۔ کارڈ کا حامل فرد کسی غیر مجاز فرد کی طرف سے کارڈ کے غلط استعمال کے نتائج کا ذمہ دار ہو گا۔

### 2.1 درکار دستاویزات

رجسٹریشن کے لیے، براہ مہربانی ہمیں درج ذیل دستاویزات فراہم کریں:

- نوجوانوں اوربالغوں کے لیے

شناختی کارڈ (مثلاً پاسپورٹ، رہائشی اجازت نامہ، عارضی رہائشی اجازت نامہ)
پتے کا ثبوت (رہائشی سرٹیفیکیٹ، رہائشی اجازت نامہ)

بچے کا شناختی کارڈ، طالب علم کا شناختی کارڈ (حامل ہذا کی تصویر کے ساتھ صرف پلاسٹک کارڈ ہی منظور شدہ ہے ) یا نگران کے شناختی کارڈ کی نقل۔

چھ سال یا اس سے زائد عمر کے بچے رجسٹر ہو سکتے ہیں۔ 18سال سے کم عمر بچوں کے لیے نگران باقاعدہ دستخط کے ذریعے ذمہ داری قبول کرے گا۔

### 2.2 استعمال کی فیس

آپ مختلف فیسوں سے متعلق معلومات لائبریری یا ہماری ویب سائٹ سے حاصل کر سکتے ہیں۔

### 2.3 ذاتی کوائف میں تبدیلی یا صارف کارڈ گم ہو جانے کی صورت میں

آپ کو لازماً اپنے ذاتی کوائف میں کسی بھی تبدیلی واقع ہونے کی صورت یا صارف کارڈ گم ہوجانے کی صورت میں لائبریری کو فوری رپورٹ کرنا ہو گی۔

## 3. انٹرنیٹ

لائبریری میں استعمال کیلئے انٹرنیٹ دستیاب ہے۔ مزید معلومات کیلئے، براہ مہربانی لائبریری اسٹاف سے پوچھیے۔

## 4. لائبریری سے باہر آئٹم کا استعمال

### 4.1 آئٹم مستعار لینا

آئٹم خود-اجراء اسٹیشن سے جاری (اور واپس) کیے جا سکتے ہیں یا لائبریری اسٹاف کی طرف سے اجراء ڈیسک سے جاری کیے جاتے ہیں۔

دونوں صورتوں میں لائبریری سے کوئی بھی چیز جاری کرواتے ہوئے آپ کے پاس صارف کارڈ ہونا ضروری ہے۔ کوئی آئٹم مستعار لیتے وقت آپ کو واپسی کی تاریخ کے ساتھ ایک پرچی جاری کی جاتی ہے اور آپ کو ہر انفرادی آئٹم اس کے مطابق واپس کرنا ہو گا۔

### 4.2 مستعار مدت

مستعار لیے گئے مختلف آئٹموں یا میڈیا کی مدتِ واپسی مختلف ہے: مدتِ واپسی کا جائزہ آپ لائبریری میں ہماری انٹرنیٹ ویب سائٹ پر ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ کوئی آئٹم مستعار لینے سے پہلے یہ یقین کر لیجیے کہ منتخب کردہ آئٹم درست حالت میں اور مکمل ہے اور اگر وہ ٹوٹا ہوا یا خراب ہے تو فوراً ہمارے اسٹاف کو آگاہ کریں۔
مستعار لیے گئے آئٹم کسی تیسرے فریق کو نہیں دیے جا سکتے۔

### 4.3 آئٹم کی واپسی

ہر مستعار لیا گیا آئٹم اپنی مدت واپسی تک لازماً واپس کر دیا جانا چاہیے۔ آپ ہر ایک آئٹم کی مدت واپسی اپنی جاری شدہ آئٹم کی لسٹ میں دیکھ سکتے ہیں اور وہ آپ کے اکاؤنٹ میں بھی موجود ہے۔

### 4.4 مدت واپسی میں توسیع

کسی آئٹم کی مدت واپسی ختم ہونے سے پہلے اس میں اضافہ کیا جا سکتا ہے اگر ایسا نہ کرنے کی کوئی وجہ موجود نہ ہو۔ مدت واپسی میں توسیع بذریعہ ٹیلی فون، ذاتی طور پرلائبریری اسٹاف سے اجراء ڈیسک پر مل کر یا خودمختارانہ طور پر اپنے صارف اکاؤنٹ سے ہو سکتی ہے۔ براہ مہربانی پڑتال کر لیجیے کہ آیا آپ کے صارف اکاؤنٹ میں کامیابی کے ساتھ مدت واپسی میں توسیع ہو گئی ہے۔ شک کی صورت میں، آپ کا صارف اکاؤنٹ جو ظاہر کر رہا ہے وہی لاگو ہو گا۔

### 4.5 مدت واپسی گزرجانے کی صورت میں جرمانے /نقصان شدہ آئٹم کا معاوضہ

مدت واپسی گزر جانے کی صورت میں ایسے آئٹموں پر جرمانہ لاگو ہو گا آپ مختلف جرمانوں سے متعلق معلومات لائبریری یا ہماری ویب سائٹ سے حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر آئٹم واپس نہیں کیے جاتے تو آپ کو آپ ہی کے خرچ پر یادہانیاں ارسال کی جاتی رہیں گی۔

گم شدہ یا نقصان شدہ آئٹم لازماً تبدیل کیے جانے چاہیئں۔ آئٹم تبدیل کرنے کے عمل کے لیے فیس وصول کی جاتی ہے۔

## 5. عمومی معلومات

لائبریری اسٹاف درخواست کر سکتا ہے کہ بیگ، پُشتی بستے اور دیگر اقسام کے تھیلے یا بھاری بھرکم اشیاء اس مقصد کیلئے مخصوص لاکروں میں مقفل کر کے رکھے جائیں یا محفوظ رکھنے کیلئے انہیں دے دیے جائیں۔ لائبریری صرف ایسے نقصان کی ذمہ دار ہے جس میں دانستہ اور فاش غفلت پائی جائے۔

براہ مہربانی لائبریری میں اپنے قیام کے دوران دوسرے آنے والوں کا خیال رکھیں۔ خلل انگیز رویے اور جانوروں کا لائبریری میں لانا ممنوع ہے۔ لائبریری میں کھانے پینے کی اجازت اس کے لیے مخصوص کمروں ہی کے لیے ہے۔

اسٹاف کی طرف سے دی گئی ہدایات پر توجہ دیں۔

آپ آئٹم کے استعمال یا لائبریری کے ضابطوں سے متعلق مزید تفصیلات متعلقہ اعلانات سے بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

**ہمارا اسٹاف آپ کے کسی بھی سوال کے جواب کے لیے دستیاب ہے۔**